# جے ایس ایلیٹ لون
## پراڈکٹ کے کلیدی حقائق کا بیان

| | |
|---|---|
| **الف۔آپ کی مالی ضروریات** | |
| قرض کا نام/سہولت کی قسم (کوئی ایک منتخب کریں) | ☐ جے ایس ایلیٹ لون—(جے ایس کا عملہ) اختتام ملازمت کے فوائد پر<br>☐ ایلیٹ لونز- آئندہ کی تاریخ کے 2 چیکس پر |
| قرض کی رقم | ____________________ روپے (کم از کم -/60,000 روپے اور زیادہ سے زیادہ -/40,00,000 روپے) |
| فنانسنگ کی مدت | 48 ماہ تک کی مدت کے لیے مجموعی تنخواہ کا 4 گنا<br>25 تا 35 ماہ کی مدت کے لیے مجموعی تنخواہ کا 3 گنا ________ مہینے<br>12 تا 24 ماہ کی مدت کے لیے مجموعی تنخواہ کا 2 گنا ________ مہینے |
| آپ پر کتنا مارک اپ عائد کیا جائے گا؟ | ایک سالہ کائبور + ____________________ فیصد سالانہ (متغیر شرح)<br>نوٹ: منظوری کے مہینے کے پہلے دن سے ایک سالہ کائبور لاگو ہوگا۔ ہر کیلنڈر سال میں کائبور کو دوبارہ مقرر (ری پرائس) کیا جاتا ہے۔ |
| **ب۔اس فنانسنگ کی تخمینی لاگت:** | |
| قابلِ ادائیگی ماہانہ قسط (ای ایم آئی) کتنی ہوگی؟ | ____________ =* (ای ایم آئی) قرض کی رقم + کریڈٹ پروٹیکٹر چارجز + منافع<br>(اے پی آر × قرض کی مدت)/قرض کی مدت (مہینوں میں)<br>* یہ ایک اندازے پر مبنی مالیت ہے اور حتمی رقم ادائیگی کے بعد فراہم کیے جانے والے ری پیمنٹ شیڈول کے ذریعے بتائی جائے گی۔ |
| جے ایس ایلیٹ قرض کے لیے آپ کل کتنی رقم ادا کریں گے؟ | ____________ =* ای ایم آئی * (مدت مہینوں میں)<br>* یہ ایک اندازے پر مبنی مالیت ہے اور حتمی رقم ادائیگی کے بعد فراہم کیے جانے والے ری پیمنٹ شیڈول کے ذریعے بتائی جائے گی۔ |
| آپ کو اور کون سے چارجز ادا کرنا ہوں گے؟ | پروسیسنگ فیس: -/4,000 روپے یا قرض کی رقم کا 1.25 فیصد (جو بھی زیادہ ہو) (ایف ای ڈی لاگو ہوگی)<br>خواتین، بزرگ شہریوں اور معذور افراد کے لیے پروسیسنگ فیس میں 50 فیصد رعایت (بشمول دستاویزات کے چارجز، تصدیق اور اسٹیمپ ڈیوٹی) یہ رقم قرض تقسیم کرنے سے پہلے قرض کی رقم سے منہا کی جائے گی۔ |
| | قرض میں اضافہ /ٹاپ اَپ فیس: -/4,000 روپے یا قرض کی رقم کا 1.25 فیصد (جو زیادہ ہو) (ایف ای ڈی لاگو ہوگی) |
| | کم از کم بیلنس پر جرمانہ: صفر |
| | پے آرڈر کے اجرا کے چارجز: صفر |
| | پے آف شیٹ کے دوبارہ اجرا کے چارجز: صفر |
| | قانونی دستاویزات یا عدالتی اخراجات: اصل کے مطابق |
| کریڈٹ پروٹیکٹر | ماہانہ قسط پر 0.3 فیصد کریڈٹ پروٹیکٹر عائد ہوگا — ٹیکس فائلر: ☐ ہاں ☐ نہیں |
| آئندہ کی تاریخ کے چیک کی شرط | جی ہاں، ایک سال کے لیے 2 چیک (ایک چیک 6 ماہ کی ای ایم آئی کے برابر ہوگا) |
| **ج۔ قبل از وقت ادائیگیاں:** | |
| کیا قرض میعاد سے پہلے ادا کیا جا سکتا ہے؟ | جی ہاں |
| قرض میعاد سے پہلے کیسے ادا کیا جا سکتا ہے؟ | قریبی جے ایس بی ایل برانچ پر جا کر قبل از وقت ادائیگی کی درخواست دیں یا 24/7 کال سینٹر نمبر پر کال کریں۔ (021-111-456-321) |

JS BANK

<table dir="rtl">
<tr><td>کیا قبل از وقت ادائیگی/قرض ختم کرنے پر اضافی چارجز ادا کرنے ہوں گے؟</td><td colspan="2">پہلے سال=قرض کی بقایا رقم کا6فیصد<br>دوسرے سے تیسرے سال=قرض کی بقایا رقم کا5فیصد<br>چوتھے سال کے بعد=قرض کی بقایا رقم کا4.5فیصد</td></tr>
<tr><td colspan="3">د۔نادہندگی/تاخیر سے ادائیگی کی معلومات:</td></tr>
<tr><td>اگر آپ اپنی ذمہ داریاں پوری کرنے میں ناکام رہیں تو کیا ہوگا؟</td><td colspan="2">اگر آپ کی جے ایس ایلیٹ لون کی قسط مقررہ تاریخ تک وصول نہ ہوئی تو تاخیر سے ادائیگی کے چارجز عائد کیے جائیں گے۔ تاہم، سہولت کی منسوخی سے قبل، صارف کو ایک نوٹس ارسال کیا جائے گا جس میں وجہ سے آگاہ کیا جائے گا اور مذکورہ نوٹس میں درج مدت کے اندر قرض کی ادائیگی کا مطالبہ کیا جائے گا۔ آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اسٹیٹ بینک، ای سی آئی بی میں دو سال کی منفی / واجب الادا معلومات (بشمول مگر ان تک محدود نہیں واجب الادا ادائیگیاں، تاخیر سے کی گئی ادائیگیاں، مارک اپ کی منسوخی یا واپسی وغیرہ) شامل کرے گا۔ لہٰذا، آپ کو ہدایت کی جاتی ہے کہ اپنی اقساط کی بروقت ادائیگی کو یقینی بنائیں تاکہ ای سی آئی بی میں کسی بھی قسم کی منفی معلومات کی رپورٹ یا اظہار سے بچا جا سکے۔</td></tr>
<tr><td rowspan="3">بروقت ادائیگی نہ کرنے پر کون سا جرمانہ عائد ہوگا؟</td><td>تاخیر سے ادائیگی کے چارجز</td><td>تاخیر سے ادائیگی پر چارجز کے حساب کرنے کا طریقہ</td></tr>
<tr><td>-/1,400روپے+ایف ای ڈی<br>(اگلی ادائیگی سے وصول کیے جائیں گے)</td><td>مقررہ چارجز</td></tr>
<tr><td colspan="2">ہر ایسی ای ایم آئی جو مقررہ تاریخ پر ادا نہ کی جائے یا تاخیر سے ادا کی جائے، اس پر اگلی قسط کے ساتھ لیٹ پیمنٹ فیس عائد کی جائے گی۔ یہ چارجز اگلی واجب الادا ای ایم آئی کے علاوہ وصول کیے جائیں گے۔ اگر صارف ای ایم آئی کے ساتھ لیٹ پیمنٹ فیس جمع نہ کروائے تو یہ چارجز براہِ راست ڈیبٹ کے ذریعے جمع/وصول کی گئی رقم میں سے کاٹ لیے جائیں گے۔ براہِ مہربانی لیٹ پیمنٹ چارجز سے بچنے کے لیے ای ایم آئی کی بروقت ادائیگی یقینی بنائیں۔</td></tr>
<tr><td>کیا بینکset-offکا حق استعمال کر سکتا ہے؟</td><td colspan="2">بینک کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ فراہم کردہ سہولت کو منسوخ کردے اور صارف کے ڈپازٹ اکاؤنٹس میں موجود کسی بھی کریڈٹ بیلنس کو فنانسنگ اکاؤنٹس میں واجب الادا کسی بھی بقایا رقم کے لیےset-offکردے</td></tr>
<tr><td colspan="3">ہ۔دیگر اہم معلومات:</td></tr>
<tr><td>قرض لینے والے/والوں کی وفات کی صورت میں کیا ہوگا؟</td><td colspan="2">بینک نے تمام جے ایس ایلیٹ لون صارفین کو کریڈٹ پروٹیکٹر (لازمی) انشورنس فراہم کی ہے۔صارف کی وفات کی صورت میں، صارف کے قریب ترین رشتہ دار(Next of Kin)، جے ایس بینک کے کال سینٹر سے رابطہ کریں گے یا قریبی جے ایس بینک کی برانچ کا دورہ کریں گے۔</td></tr>
<tr><td>گارنٹر کی ذمہ داریاں کیا ہیں؟</td><td colspan="2">لاگو نہیں(کسی گارنٹر کی ضرورت نہیں)</td></tr>
<tr><td>ماہانہ اقساط کیسے ادا کی جائیں گی؟</td><td colspan="2">آپ کی ماہانہ ای ایم آئی (مساوی ماہانہ قسط) جیسا کہ منسلک ادائیگی کے شیڈول میں درج ہے، ڈپازٹ سلِپ کے ذریعے براہِ راست آپ کے متعلقہ ری پیمنٹ اکاؤنٹ میں جمع کروائی جاسکتی ہے۔ (ڈپازٹ سلِپ، چیک یا ڈائریکٹ ڈیبٹ اتھارٹی کے ذریعے براہِ راست آپ کے متعلقہ ری پیمنٹ اکاؤنٹ میں جمع کروائی جاسکتی ہے)۔</td></tr>
<tr><td>آپ کو کون سی دستاویزات فراہم کی جائیں گی؟</td><td colspan="2">آفر/ویلکم لیٹر، ادائیگی کا شیڈول، این او سیز (صارف کی درخواست پر)، وغیرہ۔</td></tr>
<tr><td>رہنمائی اور شکایت کے ازالے کے لیے کہاں رجوع کریں؟</td><td colspan="2">مزید رہنمائی کے لیے براہِ مہربانی درج ذیل پر رابطہ کریں<br>• 24/7فون بینکنگ ٹیم سے 111-654-321پر<br>• ای میل ایڈریس: ccu.helpdesk@jsbl.com<br>• قریبی جے ایس بینک برانچ کا دورہ کریں<br>• برائے شکایات: https://sunwai.sbp.org.pk</td></tr>
</table>

______________________ قرض لینے والے کے دستخط اور تاریخ

______________________ مجاز بینکر کے دستخط، مہر اور تاریخ